**Nafees/ Sadiq**

**29-11-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ محمد عمار

------------------------------

**Music**

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج سہ پہر اوڈیشہ کے بھوبنیشور میں پولیس کے ڈائرکٹر جنرل اور انسپکٹر جنرل صاحبان کی کُل ہند کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ تین روزہ کانفرنس قومی سلامتی سے متعلق چیلنجز اور پولیس فورسز کی ذمہ داریوں پر مرکوز رہے گی۔وزیر اعظم کل اِس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی مختلف معاملات پر اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی کے سبب لگاتار چوتھے روز دِن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے اترپردیش میں سنبھل مسجد انتظامیہ کمیٹی سے کہا ہے کہ وہ ہائیکورٹ سے رجوع کرے۔ عدالت عالیہ نے ٹرائل کورٹ سے بھی کہا ہے کہ وہ ہائی کورٹ میں سروے آرڈر کے خلاف درخواست منظور ہونے تک کیس کی سماعت کو روک دے۔

☆ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن UGC جلد ہی انڈر گریجویٹ طلبہ کو ڈگری کورسز کی مدت کو کم کرنے یا بڑھانے کا اختیار فراہم کرے گا۔

☆ اور بیڈمنٹن میں سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو اور لکشیہ سین لکھنؤ میں سید مودی چمپئن شپ میں سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل میں کھیلیں گے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Amit Shah Odisha**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج سہ پہر اڈیشہ کے بھونیشور میں پولیس کے ڈائریکٹر جنرلس اور پولیس کے انسپکٹر جنرلس کی کُل ہند کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ یہ تین روزہ کانفرنس ملک میں سینئر پولیس اہلکاروں اور سیکورٹی سے متعلق منتظمین کو غور و خوض کرنے اور قومی سیکورٹی سے متعلق مختلف امور پر بحث و مباحثہ کیلئے بات چیت کا ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔ اس بات چیت میں جرائم پر قابو پانے اور امن و قانون کے بندوبست سے متعلق چیلنجوں سے نمٹنے میں پیشہ وارانہ کارروائیوں کو مشترک کرنے اور تیار کرنے سے سمیت داخلی سیکورٹی کو درپیش چیلنج بھی شامل ہوں گے۔

وزیر اعظم نریندر مودی کل سے کانفرنس میں شرکت کریں گے۔، وزیراعظم کے دفتر نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ جناب مودی نے کانفرنس میں ہمیشہ ہی گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا ہے۔

کھلے اور غیر رسمی تبادلہ خیال کے ماحول کی حوصلہ افزائی کی ہے اور اُبھرتے ہوئے نئے نظریات کو شامل کرنے پر زور دیا ہے۔ کانفرنس میں قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال وزیراعظم کے پرنسپل سکریٹری پی کے مشرا کے علاوہ متعدد اہم شخصیات بھی شرکت کریں گی۔ سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے پولیس کے ڈائیریکٹر جنرل صاحبان اور سیکورٹی ایجنسیوں کے سربراہان، انٹلی جینس بیورو اور ایس پی جی اس کانفرنس میں حصہ لینے کے لئے بھونیشور پہنچ گئے ہیں۔ اس کانفرنس میں انسداد دہشت گردی، بائیں بازو کی انتہا پسندی، ساحلی سیکورٹی، نئے فوجداری قوانین، منشیات اور دیگر سمیت قومی سلامتی کے کلیدی پہلوؤں پر توجہ مرکوز ہوگی۔ سرکردہ خدمات کیلئے پریسڈنٹ پولیس میڈل بھی میٹنگ میں عطا کئے جائیں گے۔

**PM Odisha**

وزیراعظم نریندر مودی، بھونیشور میں پولیس کے ڈائریکٹر جنرلس اور پولیس کے انسپکٹر جنرلس کی کُل ہند کانفرنس میں شرکت کرنے کے لئے آج سے اڈیشہ کا تین روزہ دورہ شروع کررہے ہیں۔ جناب مودی آج شام بھوبنیشور پہنچیں گے۔ اڈیشہ پہنچنے کے فوراً بعد وزیراعظم بیجو پٹنائک بینالاقوامی ہوائی اڈے کے نزدیک ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے اور بعد میں ہوائی اڈے سے راج بھون تک ایک روڈ شو میں حصہ لیں گے۔ جناب مودی آج بی جے پی ریاستی دفتر بھی جائیں گے جہاں وہ پارٹی کی تنظیمی کارکردگی اور اڈیشہ کے نئے منتخبہ قانون سازوں کے ذریعے انجام دیئے گئے کاموں کا جائزہ لینے کیلئے پارٹی کے ممبران پارلیمنٹ، وزراء، ایم ایل اے اور پارٹی کے سینئر اہلکاروں کے ساتھ دو گھنٹہ طویل میٹنگ کریں گے۔x

**Par Adjourned**

پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس میں آج لگاتار چوتھے دن دونوں ایوانوں میں ہنگامہ آرائی جاری رہی۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی کو ایک مخصوص کاروباری گروپ پر رشوت کے الزامات سمیت مختلف معاملے پر اپوزیشن کے احتجاج کی وجہ سے دن بھر کے لیے ملتوی کر دیا گیا۔راجیہ سبھا میں آج صبح جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی، چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے اپوزیشن پارٹیوں کے ارکان کی جانب سے ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف رشوت کے الزامات اور دیگر معاملات پر بحث کے لیے پیش کردہ التواء کے نوٹس کو خارج کر دیا۔ جناب دھنکھڑ نے کہا کہ رُول 267 کو ایوان کی کارروائی میں خلل ڈالنے کے لیے ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے اپوزیشن کی مسلسل ہنگامہ آرائی پر افسوس کا اظہار کیا۔

**S-B- 1400 Dhankhad**

اپوزیشن کے ہنگامے کے دوران، چیئرمین نے ایوان کی کارروائی کو دِن بھر کیلئے ملتوی کر دیا۔ ایوان بالا میں اگلی کارروائی آئندہ ماہ کی 2 تاریخ کو دوبارہ شروع ہوگی۔ لوک سبھا میں کانگریس، DMK، سماج وادی پارٹی اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں کے ارکان نے کارروائی کے آغاز پر نعرے بازی شروع کر دی۔ اسپیکر اوم برلا کی درخواست کے باوجود کہ وقفۂ سوالات کو بلا تعطل چلنے دیا جائے، اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی جاری رہی۔ اسپیکر نے کہا کہ ملک کے عوام چاہتے ہیں کہ ایوان کی کارروائی پرامن طریقے سے جاری رہے۔

انھوں نے ایوان میں مسلسل ہنگامہ آرائی پر تشویش کا اظہار کیا، جب شور شرابہ زیادہ بڑھ گیا، تو اسپیکر نے ایوان کو دوپہر 12 بجے تک ملتوی کر دیا تھا۔

**S-B- 1400 OM Birla**

**Par- Opposition**

عام آدمی پارٹی کے ممبران پارلیمنٹ نے آج دلی میں جرائم میں اضافے کا الزام لگاتے ہوئے پارلیمنٹ کے باہر احتجاج کیا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی لیڈر سنجے سنگھ نے کہا کہ مرکزی حکومت کو شہر میں جرائم کو روکنے کے لئے اقدامات کرنے چاہئیں۔

**S/B Sanjay Singh**

دوسری جانب پنجاب کانگریس کے ممبران پارلیمنٹ نے بھی پارلیمنٹ کے احاطے کے باہر احتجاج کیا۔ انھوں نے الزام عائد کیا کہ بھارت کی فوڈ کارپوریشن کم از کم امدادی قیمت پر فصل نہیں خرید رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ کسان اپنی فصل کو کم MSP پر فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ یہ الزام لگاتے ہوئے کہ پنجاب کے کسانوں کے ساتھ ناانصافی ہورہی ہے۔

پارلیمنٹ کے رُکن اور پنجاب کانگریس کے سربراہ امریندر سنگھ راجہ نے اس معاملے پر حکومت سے ایک کمیٹی تشکیل دینے کا مطالبہ کیا۔

**S/B Amrinder singh raja**

ممبران پارلیمنٹ نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ ریاست میں کسانوں کے لئے DAP کھاد دستیاب نہیں ہے۔ x

**PM Tourism**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج اس بات پر زور دیا ہے کہ سیاحت میں کئی زندگیوں میں خوشحالی لانے کے امکانات ہیں۔ سیاحت کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت کی اُس سوشل میڈیا پوسٹ کا ذکر کرتے ہوئے، جس میں معروف سیاحتی مقامات کو فروغ دینے کے لئے 40 پروجیکٹوں کی منظوری کا اعلان کیا گیا تھا، جناب مودی نے کہا کہ حکومت بھارت کے سیاحت کے بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینے پر توجہ مرکوز کرتی رہے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ کوشش اس بات کو یقینی بنائے گی کہ زیادہ سے زیادہ لوگ شاندار بھارت کے عجوبوں کا تجربہ حاصل کرسکتے ہیں۔x

**PM Mangal Munda**

وزیراعظم نریندر مودی نے بھگوان برسا منڈا کے ایک پیروکار منگل مُنڈا کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک پیغام میں جناب مودی نے منگل مُنڈا کے انتقال کو نہ صرف ان کے کنبے کے لئے بلکہ جھارکھنڈ کی قبائلی برادری کے لئے بھی ناقابل تلافی قرار دیا۔x

**Sambhal Mosque**

سپریم کورٹ نے آج سنبھل ٹرائل کورٹ سے کہا ہے کہ وہ سنبھل کی شاہی جامع مسجد کے خلاف مقدمے میں اس وقت تک آگے نہ بڑے، جب تک کے سروے کے آرڈر کے خلاف مسجد کمیٹی کی طرف سے داخل کردہ پٹیشن الہ آباد ہائیکورٹ میں شامل نہ کرلیا جائے۔کورٹ نے یہ بھی ہدایت دی ہے کہ ایڈوکیٹ کمشنر جنھوں نے مسجد کا سروے کیا تھا، کی رپورٹ کو سیل کور میں رکھا جائے اور اس دوران اسے نہ کھولا جائے۔چیف جسٹس آف انڈیا سنجیو کھنہ اور جسٹس سنجے کمار پر مشتمل بنچ سنبھل شاہی جامع مسجد کمیٹی کی طرف سے داخل کردہ پٹیشن کی سماعت کررہی تھی۔ پٹیشن میں 19 نومبر کو پاس ہونے والے کورٹ کے آرڈر کو چیلنج کیا گیا تھا۔ جس میں ایڈوکیٹ کمشنر کے ذریعہ مسجد کا سروے کرانے کی ہدایت دی گئی تھی۔ ایک مقدمے میں یہ دعویٰ کیا گیا تھا کہ یہ مسجد ایک مندر کو منہدم کرنے کے بعد بنائی گئی ہے۔x

**UGC Degrees**

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن UGC جلد ہی انڈر گریجویٹ طلبہ کو ڈگری کورسز کی مدت کو کم کرنے یا بڑھانے کا اختیار فراہم کرے

گا۔ UGC نے ایکسی لیریٹیڈ ڈگری پروگرام اور توسیع شدہ ڈگری پروگرام کیلئے معیاری طریقۂ کار کو منظوری دی ہے۔ UGC کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے صحافیوں کو بتایا کہ ایکسی لیریٹیڈ ڈگری پروگرام طلبہ کو تین سال یا چار سال کی مدت میں ڈگری مکمل کرنے کی اجازت فراہم کرے گا۔x

**TN Depression**

جنوب مغربی خلیج بنگال کے اوپر ہوا کا گہرا دباؤ شمال مغرب کی جانب پیش قدمی کر رہا ہے اور آج صبح یہ اُسی علاقے میں مرکوز تھا اور اب یہ ناگاپٹنم، پڈوچیری اور چنئی کے قریب آ رہا ہے۔ اس وقت یہ ناگاپٹنم سے تقریباً 310 کلومیٹر، پڈوچیری سے جنوب مشرق میں 360 کلومیٹر اور چنئی کے جنوب مشرق میں 400 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق، امکان ہے کہ ہوا کا یہ گہرا دباؤ اگلے تین گھنٹوں میں ایک سمندری طوفان میں تبدیل ہوجائے گا۔ یہ شمال کی طرف بڑھتے ہوئے کل دوپہر کے وقت پڈوچیری کے قریب مہابلی پورم اور کاری کال کے درمیان ساحل کو پار کرسکتا ہے۔ جاری وارننگ میں کہا گیا ہے کہ ساحل کو پار کرنے کے دوران ہوا کی رفتار 70 سے 80 کلومیٹر فی گھنٹہ رہے گی۔ ہوائیں 90 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چل سکتی ہیں۔x

**UP- Inquiry**

اترپردیش سرکار نے سنبھل میں تشدد کے حالیہ واقعات کی عدالتی تحقیقات کاحکم دیاہے، جس میں کم از کم چار افراد ہلاک ہوئے تھے۔ ہائی کورٹ کے ریٹائرڈ جج دیویندر کمار اروڑا کی سربراہی میں تین رکنی کمیٹی کو اِس معاملے کی تحقیقات کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ کمیٹی سے دو ماہ کے اندر اندر اپنی رپورٹ داخل کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔ اِس دوران سپریم کورٹ، آج ایک پٹیشن کی سماعت کررہی ہے، جس میں ضلع عدالت کے 19 نومبر کے حکم کو چیلنج کیا گیا ہے۔ جس نے ہدایت دی تھی کہ سنبھل میں متنازع مقام کا سروے کیا جائے۔ x

**Rajendra Prasad Memorial Lecture**

راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش آج آکاشوانی میں باوقار سالانہ ڈاکٹر راجندر پرساد میموریل لیکچر 2024 دیں گے۔ لیکچر کا موضوع ہے ''ویشووِک منچ پر بھارت کی بڑھتی بھومیکا''۔ یہ لیکچر آکاشوانی کے رنگ بھون میں منعقد کیا جارہا ہے۔ بھارت کے پہلے صدر ڈاکٹر راجندر پرساد کی جینتی کے موقع پر تین دسمبر کو ہر سال اسے براڈ کاسٹ کیا جاتا ہے۔ اس پروگرام میں پرسار بھارتی کے چیئرمین نَونیت سہگل، سی ای او گورَو دیویدی اور دیگر اہلکار بھی شرکت کریں گے۔ x

**SL- INDIAN Navy**

بھارتی بحریہ نے ایک مربوط کارروائی کے تحت سری لنکا کی بحریہ کے ساتھ اشتراک میں آج بحیرۂ عرب میں مچھلی پکڑنے والی دو کشتیوں سے تقریباً 500 کلوگرام منشیات ضبط کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے، جس کی شناخت Crystal Meth کے طور پر کی گئی ہے۔ بھارتی بحریہ نے سوشل میڈیا پوسٹ X پر اسے مشترک کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی بحریہ نے مقامی اور کشتیوں کی مدد کے ساتھ ایک مربوط کارروائی کے ذریعے اسے انجام دیا۔ x

**West Bengasl Iscon**

بنگلہ دیش حکومت نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ ملک میں کرشنا Consciouness کیلئے بین الاقوامی سوسائٹی (ISKCON) پر پابندی لگائے جانے کیلئے کوئی تبادلہ خیال نہیں کیا گیا ہے۔ عبوری حکومت میں ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کی صلاح کار سیدہ رضوانہ حسن نے کل ڈھاکہ میں پریس کو دیئے گئے ایک بیان میں یہ بات بتائی ہے۔ ہندو لیڈر Chinmoy Krishna Das برہمچاری کی گرفتاری پر محترمہ رضوانہ نے کہا کہ انھیں خصوصی الزامات کی بنیاد پر حراست میں لیا گیا ہے اور فی الحال ان پر مقدمہ چل رہا ہے۔ محترمہ رضوانہ نے کہا کہ عدالت فیصلہ کرے گی کہ آیا وہ قصوروار ہیں کہ نہیں۔ بنگلہ دیش میں اقلیتی برادریوں

اور مذہبی تنظیموں کے تئیں سلوک روا رکھنے پر بڑھتی تشویش کے تناظر میں یہ وضاحت سامنے آئی ہے۔ x

**UK Immigration System**

برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer نے آج برطانیہ کے امیگریشن نظام پر نظر ثانی کا وعدہ کیا ہے۔ اُن کا یہ وعدہ ایسے وقت سامنے آیا ہے کہ جب نظر ثانی شدہ اعداد و شمار سے ظاہر ہوا ہے کہ 2023 میں پچھلے سال کے مقابلے مجموعی طور پر لوگوں کی نقل مکانی 9 لاکھ چھ ہزار کی ریکارڈ بلندی پر پہنچ گئی۔ قومی اعداد و شمار کے دفتر ONS کے ڈیٹا سے ظاہر ہوا ہے کہ اِس سال جون تک بارہ مہینے میں مجموعی طور پر لوگوں کی نقل مکانی کی تعداد میں بیس فیصد کی گراوٹ درج کی گئی اور یہ سات لاکھ 28 ہزار تک رہی۔ x

**Georgia Govt**

وزیرِ اعظم Irakli Kobakhidze کی قیادت میں جارجیہ کی نئی سرکار نے پارلیمنٹ میں اعتماد کا ووٹ حاصل کر لیا ہے۔ اس حکومت میں تین نئے وزرا شامل ہوں گے۔Maka Bochorishvili کو وزیرِ خارجہ، Anri Okhanashvili کو وزیرِ انصاف اور Davit Songuashvili کو وزیرِ ماحولیات و زراعت مقرر کیا گیا ہے۔ جارجیا کے آئین کے مطابق، نئی حکومت پارلیمنٹ میں اعتماد کا ووٹ حاصل کرنے کے بعد اپنی مدت کار کا آغاز کرے گی۔x

**Israel Hezbollah**

اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اس کی فضائیہ نے گزشتہ روز جنوبی لبنان میں حزب اللہ کے ذریعہ درمیانی فاصلے تک مار کرنے والے راکٹوں کا ذخیرہ کرنے کیلئے استعمال ہونے والی ایک جگہ پر حملہ کیا۔اس دوران دونوں فریقوں نے ایک دوسرے پر جنگ بندی کی خلاف ورزی کرنے کا الزام لگایا ہے۔ اسرائیل نے جنوبی لبنان کے مختلف علاقوں میں آنے والی مشتبہ گاڑیوں کی جانب فائرنگ کی اور کہا کہ یہ حزب اللہ کے ساتھ طے پانے والے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی ہے، جو بدھ کو نافذ ہوا تھا۔ اس کے بعد لبنانی فوج نے الزام عائد کیا کہ اسرائیل نے بدھ اور جمعرات کو کئی بار جنگ بندی کی خلاف ورزی کی ہے۔ایک دوسرے پر الزام تراشی نے جنگ بندی کی کمزوری کو اُجاگر کیا ہے۔ غزہ جنگ کے متوازی دونوں فریقوں کے درمیان جاری تنازع کو ختم کرنے کیلئے امریکہ اور فرانس کے ذریعہ یہ جنگ بندی کرائی گئی تھی۔ یہ جنگ بندی ساٹھ دنوں کیلئے اِس امید پر نافذ کی گئی تھی مستقبل میں مستقل طور پر جنگ بندی ہوسکے۔x

**Cameron Boat.**

کیمرون میں کل دور دراز کے شمالی خطے میں ایک کشتی کے اُلٹ جانے سے کم از کم 20 افراد ہلاک ہوگئے۔ جس وقت یہ حادثہ پیش آیا اس وقت یہ کشتی Darak جزیرے سے مسافروں کو لے کر جارہی تھی۔ مقامی میڈیا نے خبر دی ہے کہ مزید ہلاکتوں کا امکان ہے کیونکہ بچاؤ کی کارروائیاں جاری ہیں۔ گنجائش سے زیادہ سوار افراد، غلط طریقے سے چلائے جانے اور موسم کے شدید حالات کے سبب خطے میں اکثر و بیشتر کشتی اُلٹنے کے اس طرح کے واقعات پیش آتے ہیں۔x

**Pro Kabaddi League**

پرو کبڈی لیگ میں تلگو ٹائیٹنز نے یومبا کو اِکتالیس- 35 سے شکست دی۔ اس طرح انھوں نے سیزن گیارہ کے مقابلے میں اپنی نویں فتح حاصل کی۔ ٹائیٹنز نے شروع میں ہی اپنا دبدبہ قائم کرلیا۔ پہلے ہاف میں اُس نے دو آل آؤٹس کرکے پچیس- 13 کی برتری حاصل کی۔ یومبا کی جانب سے آخری وقت میں کھیل میں واپس آنے کا میاب کوشش کی گئی، جس سے فرق چھ پوائنٹس تک محدود ہوگیا، لیکن ٹائیٹنز نے ایک اور آل آؤٹ کرکے فتح اپنے نام کرلی اور دس پوائنٹس کی برتری قائم رکھی۔x

------------------------------------------